Cambridge Assessment International Education

# Cambridge International A Level

**URDU** **9686/04**

Paper 4 Texts **May/June 2021**

**2 hours 30 minutes**

*1434305910*

You must answer on the enclosed answer booklet.

You will need: Answer booklet (enclosed)

**Invigilators must refer to the Additional Materials List for instructions on the use of set texts in the examination.**

**INSTRUCTIONS**

- Answer **three** questions in total in **Urdu**, each on a different text:
  - Answer **at least one question** from Section 1.
  - Answer **at least one question** from Section 2.
  - Answer **one other question** from **either** Section 1 **or** Section 2.
- Follow the instructions on the front cover of the answer booklet. If you need additional answer paper, ask the invigilator for a continuation booklet.
- Dictionaries are **not** allowed.

**INFORMATION**

- The total mark for this paper is 75.
- Each question is worth 25 marks.

**ہدایات**

- کل **تین** سوالوں کے جواب **اردو** میں دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق **مختلف** ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے :
  - **کم از کم ایک سوال** کا جواب حصہ 1 سے لکھیے۔
  - **کم از کم ایک سوال** کا جواب حصہ 2 سے لکھیے۔
  - اس کے علاوہ **ایک اور سوال** کا جواب حصہ 1 **یا** حصہ 2 سے لکھیے۔
- جوابی پرچے کے سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔ یہ ہدایات نیچے **اردو** میں بھی دی گئی ہیں۔ اگر آپ کو جواب لکھنے کے لیے زائد صفحات کی ضرورت ہو تو نگران سے اضافی کتابچے کے لیے رابطہ کریں۔
- لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت **نہیں** ہے۔

**معلومات**

- اس پرچے کے لیے کل مارکس 75 ہیں۔
- ہر سوال کے 25 مارکس ہیں۔



DC (DH/CGW) 216178/4 **R**
© UCLES 2021

[Turn over

https://xtremepape.rs/

## جوابی کتابچے کے لیے ہدایات

کالا یا گہرا نیلا قلم استعمال کیجیے۔ آپ ڈایا گرام یا گراف کے لیے ایچ بی پینسل استعمال کر سکتے ہیں۔

اپنا نام سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر اس صفحے پر اوپر کی جانب دی گئی جگہوں پر لکھیے۔ اپنا جواب واضح طور پر لکھیے۔

کریکشن فلوئڈ یا سیاہی مٹانے والا قلم استعمال **مت** کریں۔

کسی بھی بار کوڈ پر **مت لکھیے**۔

اپنے جوابات اس کتابچے میں لکھیے۔ صفحات کے دونوں طرف لکھیے۔ نیا جواب شروع کرنے سے پہلے ہر جواب کے آخر میں دو سطریں چھوڑ دیجیے۔

آپ جس سوال کا جواب لکھ رہے ہیں اس کا نمبر دائیں طرف کے حاشیے میں انگریزی میں لکھیے۔

| Part | Question |
|---|---|
| (a)(i) | 1 |
| | |
| | |
| (a)(ii) | 1 |

اگر آپ کا منتخب شدہ سوال مختلف حصوں پر مشتمل ہو مثال کے طور پر 1 (a) تو اس حصے کا نمبر انگریزی میں دوسرے حاشیے میں لکھیے۔

تمام اضافی کام اسی جوابی کتابچے میں قلم سے کیجیے۔ جو حصہ ممتحن کے لیے **نہیں** ہے اسے کاٹ دیں مگر یہ خیال رہے کہ وہ کٹا ہوا حصہ پڑھا جا سکے۔

اس کتابچے کا کوئی بھی حصہ الگ **نہ کریں**۔

تمام کاغذات واپس کر دیں۔ اگر آپ نے کوئی اضافی کتابچہ استعمال کیا ہے تو اسے بھی جوابی کتابچے میں رکھ کر واپس کر دیں۔

© UCLES 2021


https://xtremepape.rs/

**BLANK PAGE**



https://xtremepape.rs/

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے۔ آپ کے لیے پہلے اور دوسرے حصے میں سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔

اپنے منتخب کیے ہوئے سوالوں کے نمبر واضح طور پر **انگریزی** میں لکھیے۔

## پہلا حصہ

**1** غزلیں

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)**

بازیچۂ اطفال ہے دنیا مرے آگے ہوتا ہے شب و روز تماشا مرے آگے
اک کھیل ہے اورنگ سلیماں مرے نزدیک اک بات ہے اعجاز مسیحا مرے آگے
مت پوچھ کہ کیا حال ہے میرا ترے پیچھے تو دیکھ کہ کیا رنگ ہے تیرا مرے آگے
سچ کہتے ہو خود بین و خود آرا ہوں نہ کیوں ہوں بیٹھا ہے بت آئینہ سیما مرے آگے
پھر دیکھیے انداز گل افشانی گفتار رکھ دے کوئی پیمانۂ صہبا مرے آگے

(غالب)

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** غالب کی شاعری میں طنز و ظرافت کے رنگ نمایاں نظر آتے ہیں۔ مندرجہ بالا غزل کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

**(b)** حسرت کی حسن پرستی میں ان کی معصوم فطرت کا بڑا دخل ہے۔ اشعار کے حوالے سے اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔

© UCLES 2021

https://xtremepape.rs/

**2** نظمیں

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)**

بھٹیاریاں کہاویں نہ اب کیوں کر رانیاں    مہتر خصم ہیں ان کے وہ ہیں مہترانیاں
ذاتوں میں جتنے اور ہیں قصے کہانیاں    سب میں انہیں کی ذات کی اونچی ہیں بانیاں
کس واسطے کہ سب یہ پکاتی ہیں روٹیاں

دنیا میں اب بدی نہ کہیں اور نکوئی ہے    نا دشمنی و دوستی نا تند خوئی ہے
کوئی کسی کا اور کسی کا نہ کوئی ہے    سب کوئی ہے اسی کا کہ جس ہاتھ ڈوئی ہے
نوکر نفر غلام بناتی ہیں روٹیاں

روٹی کا اب ازل سے ہمارا تو ہے خمیر    روکھی بھی روٹی حق میں ہمارے ہے شہد و شیر
یا پتلی ہووے موٹی خمیری ہو یا فطیر    گیہوں کی جوار باجرے کی جیسی ہو نظیر
ہم کو تو سب طرح کی خوش آتی ہیں روٹیاں

(نظیر)

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** نظیر کی شاعری میں واقعات اور اشیاء ہمارے سامنے جیتی جاگتی آ جاتی ہیں۔ مندرجہ بالا نظم کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

**(b)** علامہ اقبال کی شاعری نے قوم کے جذبات کو بیدار کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اشعار کے حوالے سے بحث کیجیے۔



https://xtremepape.rs/

3 نظمیں

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

(a) زندگی سے ڈرتے ہو؟
زندگی تو تم بھی ہو، زندگی تو ہم بھی ہیں!
آدمی سے ڈرتے ہو؟
آدمی تو تم بھی ہو، آدمی تو ہم بھی ہیں!
آدمی زباں بھی ہے، آدمی بیاں بھی ہے،
اس سے تم نہیں ڈرتے!
حرف اور معنی کے رشتہ ہائے آہن سے، آدمی ہے وابستہ
آدمی کے دامن سے زندگی ہے وابستہ
اس سے تم نہیں ڈرتے!
"ان کہی" سے ڈرتے ہو
جو ابھی نہیں آئی، اس گھڑی سے ڈرتے ہو
اس گھڑی کی آمد کی آگہی سے ڈرتے ہو؟

(راشد)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) ن م راشد سادہ الفاظ میں کھری کھری باتیں کرتے ہیں۔ اس نظم کی روشنی میں تبصرہ کیجیے۔

یا

(b) جوش کی شاعری نے اردو ادب کے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کیا ہے۔ آپ اس بیان سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں۔ اشعار کے حوالے سے اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔



https://xtremepape.rs/

## دوسرا حصہ

**4** امراؤجان ادا، مرزا ہادی رسوا

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)** ناول امراؤجان ادا کی مقبولیت میں مکالمہ نگاری کی کیا اہمیت ہے؟ تبصرہ کیجیے۔

یا

**(b)** کیا ناول امراؤجان ادا پڑھنے والے کے دل میں طوائفوں کے لیے ہمدردی پیدا ہوتی ہے؟ اپنے جواب کی تفصیل سے وضاحت کیجیے۔

**5** افسانے

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)** "مہالکشمی کا پل" ایک افسانہ ہی نہیں ایک حقیقت ہے۔ بحث کیجیے۔

یا

**(b)** کیا ٹوبہ ٹیک سنگھ کو ایک مزاحیہ افسانہ کہا جا سکتا ہے؟ اپنے جواب کی وضاحت کیجیے۔

**6** انارکلی، امتیاز علی تاج

سوال **(a)** اور سوال **(b)** میں سے صرف ایک سوال کا جواب اردو میں 500 سے 600 الفاظ میں لکھیے۔

**(a)** اکبر اعظم کس کردار میں زیادہ مؤثر نظر آتا ہے؟ بحیثیت بادشاہ یا بحیثیت باپ؟ اپنے جواب کی تفصیل سے وضاحت کیجیے۔

یا

**(b)** کیا انارکلی کی محبت سچی تھی؟ تفصیل سے بحث کیجیے۔

© UCLES 2021


https://xtremepape.rs/

**BLANK PAGE**

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge Assessment International Education Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cambridgeinternational.org after the live examination series.

Cambridge Assessment International Education is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of the University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which itself is a department of the University of Cambridge.



https://xtremepape.rs/